**P£ÁðlP ¥ËqsÀ²PÀët ¥jÃPÉë ªÀÄAqÀ½**

ªÀÄ¯ÉèÃ±ÀégÀA, ¨ÉAUÀ¼ÀÆgÀÄ-560003.

KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD
Malleshwaram, Bengaluru - 560003.

# نمونہ سوالی پرچہ برائے سال 2021-22

# 2021-22 MODEL QUESTION PAPER

**±ÁªÀiÁ C¨sÀåyðUÀ¼ÀÄ**

## REGULAR FRESHERS

**«µÀAiÀÄ: vÀȳÀÃAiÀÄ ¨sÁµÉ - GzÀÄð** | **«µÀAiÀÄ ¸ÀAPÉÃvÀ: 66-U**

**SUBJECT: THIRD LANGUAGE-URDU** | **SUBJECT CODE:66-U**

**CªÀ¢ : 3:00 UAmÉ** | **UjµÀ CAPÀUÀ¼ÀÄ :80**

**TIME : 3:00 HOURS** | **MAX MARKS :80**

---

## ¥jÃPÁëyðUÀ½UÉ ¸ÁªÀiÁ£Àå ¸ÀÆZÀ£ÉUÀ¼ÀÄ :

**عام ہدایات:**

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالات پر مشتمل ہے جس میں 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمُہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** **درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے مناسب جواب چن کر لکھئے:** 8x1=8

1. غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔

(A) مطلع

(B) مقطع

(C) بیت الغزل

(D) مصرعہ

2. غیر مستقل کلمہ کو یہ بھی کہتے ہیں۔

(A) صفت

(B) ضمیر

(C) حروف

(D) فعل

3. درج ذیل میں ''حقیقت حال معلوم ہونا''
کے معنی دینے والا محاورہ ہے۔

(A) آنکھ سے آنکھ ملانا

(B) آنکھیں کھل جانا

(C) آنکھ دکھانا

(D) آنکھ مچولی کھیلنا

4. ''سب آئے مگر وہ نہ آیا''
اس جملے میں حروفِ استثنا کی نشاندہی کیجئے۔

(A) وہ

(B) نہ

(C) آیا

(D) مگر

5. خط لکھنے والے کو کہا جاتا ہے۔

(A) مکتوب نگار

(B) مضمون نگار

(C) ناول نگار

(D) ڈراما نگار

6. درجِ ذیل میں واحد لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) دفاتر

(B) مراکز

(C) جزائر

(D) منزل

7. علمِ نجوم یعنی

(A) زمین کی پیمائش کا علم

(B) ستاروں کا علم

(C) شاعری کا علم

(D) حدیث کا علم

8. اس نظم میں حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف بیان کی جاتی ہے۔

(A) مرثیہ

(B) قصیدہ

(C) نعت

(D) حمد

**II. پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے:** 4 x 1 = 4

9. ابتداء : انتہاء : : اعلیٰ :....................................

10. حجرہ : مذکر : : چٹائی :....................................

11. انتخاب : انتخابات : : خدمت :....................................

12. دل بجھ جانا : مایوس ہونا : : آنکھیں چمک اٹھنا :....................................

**III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے:** 4 x 1 = 4

13. ماہرِ ریاضی دان کون تھا؟

14. اکبرؔ الہ آبادی کس بات کی پرواہ نہ رہی؟

15. محمد علی جوہرؔ نے کس گول میز کانفرس میں شرکت کی؟

16. ''پیغامِ یکجہتی'' نظم کے تعلق سے بتائے کہ ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے؟

**IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے:** 8 x 2 = 16

17. سر ایم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا؟

18. شیخ حُسین عبداللہ بن علی سینا کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

19. محمد علی جوہرؔ کے والدین کا نام کیا تھا؟

20. حضرت عائشہؓ نے کس طرح نبی کریم ﷺ کی تعلیمات سے استفادہ کیا؟

21. قدیم دَور میں سائنس کی کونسی شاخیں قائم تھیں؟

22. معراج کا مطلب کیا ہے؟

23. حضرت عائشہؓ کے حجرے میں کون کون آرام فرما ہیں؟

24. مولانا محمد علی جوہرؔ کا سول سرویس امتحان میں ناکام ہونا کس لئے بہتر ثابت ہوا؟

**V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے:** 9 x 3 = 27

**بحوالۂ متن درج ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے:**

25. ''مجھے ملاقات کے بارے میں اُس وقت یاد آیا، جب میں نے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔''

26. ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

27. ''کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں کسی خواب کے داخل ہونے کی گنجائش ہی نہیں ہے۔''

28. **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:**

(i) مجتبیٰ حُسین

(ii) ایم قادر علی خاں

29. **درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:**

(i) مولانا ابوالبیان حمّادؔ

(ii) مولانا الطاف حسین حالیؔ

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے:**

30. موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

31. زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں
ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

32. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے
کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

33. **درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے:**

This is my house. My house is very beautiful. There is a tree in front of my house.

**VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے:** 4 x 4 = 16

34. آپ کی درسی کتاب میں شامل ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

35. مشاعرے میں خطیب صاحب اپنا کلام کس طرح سناتے تھے؟

یا

حضرت عائشہؓ کی فیاضی اور سخاوت کا کوئی ایک واقعہ بیان کیجئے۔

36. درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے:

عِلم کیا ہے؟ زندگی ہے۔ زندگی کی روشنی ہے اس کے برعکس جہالت تاریکی ہے ناکامی اور ذلّت ہے۔علم کے بغیر زندگی کا کوئی بھی کام بخیر وخوبی سرانجام نہیں ہوتا۔علم سے کائنات کو تسخیر کیا جاسکتا ہے۔علم سے دلوں پر حکومت کی جاسکتی ہے۔دراصل سارے عالم میں اسی کی حکمرانی ہے۔علم افلاس دُور کرتا ہے اور ذلّت کو عزت میں بدل دیتا ہے۔ایک حکیم نے علم کے متعلق کیا سچ کہا ہے کہ ''علم افلاس میں مال ہے اور مالداری میں زیور ہے۔'' لہٰذا ایک طالب علمِ کا یہ فرض ہے کہ وہ علم کو حاصل کرنے میں کوتاہی نہ کرے اور تن دہی سے اس نعمت کو حاصل کرے۔

**سوالات:**

(i) زندگی کی روشنی کسے کہا گیا ہے؟

(ii) عِلم سے کسے تسخیر کیا جاسکتا ہے؟

(iii) عِلم کے ذریعے کس پر حکومت کی جاسکتی ہے؟

(iv) عِلم کے متعلق ایک حکیم نے کیا کہا ہے؟

37. **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 12 تا 15 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے:**

میرا پسندیدہ کھیل

**یا**

قومی یکجہتی

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے:** 1 x 5 = 5

38. **تعلیمی مصروفیت کا ذکر کرتے ہوئے اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھئے۔**

**یا**

**دو دن کی چھٹی کے لئے اپنے کلاس ٹیچر کو ایک درخواست نامہ لکھئے۔**

☆☆☆